# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 15 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### :::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دہشت پسندی کے خلاف مسلح افواج کے شجاعت کے مظاہرے کی صدرِ جمہوریہ کی جانب سے ستائش۔

☆ نکسل اِزم کے خاتمے کیلئے حکومت کی پیش رفت جاری: وزیرِ اعظم کا عندیہ۔

☆ آپریشن سندور کے بعد ملک بھر میں بی جے پی کی جانب سے ترنگا یاتراؤں کا انعقاد۔

☆ لاتور ضلع میں غیر موسمی بارش؛ چار مویشی ہلاک؛ نقصانات کا تخمینہ لگانے کیلئے پنچنامے کرنے کا کانگریس کا مطالبہ۔

اور۔۔۔☆ کھیلو انڈیا یوتھ گیمز آج اختتام پذیر؛ 149 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر سرِ فہرست۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مسلح افواج کی جانب سے شجاعت کے مظاہرے پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے اُن کی بہادری کی تعریف کی ہے۔ تینوں مسلح افواج کے سربراہان، سی ڈی ایس، جنرل انیل چوہان، بری افواج کے سربراہ اُپیندر دِویدی، فضائیہ کے چیف ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ اور بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دِنیش ترپاٹھی نے کل صدرِ جمہوریہ سے ملاقات کر کے انھیں آپریشن سندور کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

***** ***** *****

آپریشن سندور پر عام شہری اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں۔ 1971 کی ہند- پاک جنگ میں ملک کی مغربی سرحد پر توپ خانہ سنبھالنے والے اور فی الحال چھترپتی سمبھاجی نگر میں مقیم ریٹائرڈ کیپٹن سریندر سُروے نے اس آپریشن پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو سبق سکھانا ضروری تھا، پاکستان بننے کے بعد سے ہی بھارت پر وقفے وقفے سے حملے کرتا رہا ہے اور بھارت نے ہمیشہ دفاعی حکمتِ عملی اختیار کی تھی لیکن پہلی بار بھارت نے جارحانہ رُخ اختیار کیا ہے۔

***** ***** *****

بھارت کے 52ویں چیف جسٹس کی حیثیت سے جسٹس بھوشن رام کرشن گوائی نے کل حلف لیا۔ صدرِ جمہوریہ نے انھیں عہدے کا حلف دلایا۔

**Oath: Chief Justice Bhushan Gawai**

نئی دہلی کے راشٹرپتی بھون میں منعقدہ اس حلف برداری تقریب میں نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیرِ اعظم نریندر مودی سمیت کئی اہم شخصیات نے شرکت کی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نکسل اِزم کے خلاف مسلح دستوں کی کارروائیوں سے اس تحریک کے خاتمے کیلئے ایک کامیاب پیش رفت ہورہی ہے۔نکسلائٹس کے خلاف کی گئی کارروائیوں کی وزیرِ داخلہ کی جانب سے سماجی رابطے پر دی گئی تفصیلات کو وزیرِ اعظم نے شیئر کیا۔
دریں اثناء مرکزی ریزرو پولس فورس نے کل ایک اخباری کانفرنس میں بتایا ہے کہ چھتیس گڑھ میں 21 دنوں کی طویل کارروائیوں میں 31 نکسلائٹس ہلاک ہوگئے ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے اُتر پردیش کے گوتم بدھ نگر ضلع میں سیمی کنڈکٹر پروجیکٹ کی تعمیر کو منظوری دے دی ہے۔کل مرکزی کابینہ کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ یہ اطلاع اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے دی۔انھوں نے کہا کہ سائنس اور ٹکنالوجی کے استعمال سے ملک کو بڑی طاقت ملی ہے۔انھوں نے کہا:

**Byte: Ashvini Vaishnav**

***** ***** *****

سواتنتر ویر ساورکر میموریئل کی جانب سے دیئے جانے والے ایوارڈز کا' کل اعلان کردیا گیا۔اس سال سواتنتر ویر ساورکر اعزازِ شجاعت مراٹھا لائٹ انفینٹری کے میجر انیل اَرس کو دیا جائے گا، جبکہ سائنس ایوارڈ آئی آئی ٹی ممبئی کے سائنسداں ملند اَترے کو دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ان ایوارڈز میں توصیفی سند، شیلڈ اور نقد رقم شامل ہے۔

***** ***** *****

کالج کے نوجوانوں سے ''مائی بھارت'' پورٹل پر سول ڈیفنس واریئر کے طور پر اندراج کروانے کی اپیل اعلیٰ وفنّی تعلیم کے وزیر چندر کانت پاٹل نے کی ہے۔نوجوانوں کی بہبود اور کھیلوں کے مرکزی وزیر من سکھ مانڈویہ کی زیرِ صدارت کل تمام ریاستوں کے این ایس ایس عہدیداروں کا ایک ورچول اجلاس ہوا۔اس اجلاس سے پاٹل خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی مہاراج کے یومِ پیدائش پر کل انھیں مختلف مقامات پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ناندیڑ میں کُل ہند چھاوا تنظیم کی جانب سے سمبھاجی مہاراج جینتی جوش وخروش سے منائی گئی۔ چھاوا کے ریاستی صدر پنجاب راؤ کاڑے سمیت تنظیم کے عہدیداروں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔
چھترپتی سمبھاجی نگر میں جلوس اور دیگر تقاریب کے ذریعے چھترپتی سمبھاجی مہاراج کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ولاس باپو بھومرے ٹرسٹ کی جانب سے کرانتی چوک میں ساڑھے چار کوئنٹل گندم کے استعمال سے چھترپتی سمبھاجی مہاراج کی شبیہہ بنائی گئی۔

***** ***** *****

آپریشن سندور کے بعد بی جے پی کی جانب سے ملک بھر میں ترنگا یاترا کا انعقاد کیا گیا ہے۔یہ یاترا آئندہ 23 مئی تک ملک بھر میں جاری رہے گی۔جنوبی ممبئی کے اگست کرانتی میدان سے کل ممبئی بی جے پی نے ترنگا یاترا نکالی، جس میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے شرکت کی۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے باعث ہندوستانی فوج کی طاقت دنیا کے سامنے آئی ہے۔ملک کی افواج کو اور خاکِ وطن پر جان نچھاور کرنے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے یہ ترنگا یاترا نکالی جارہی ہے۔
اسی دوران بیڑ ضلع کے پرلی میں بھی آج ترنگا یاترا منعقد کی گئی ہے۔اس یاترا میں بڑی تعداد میں شرکت کرنے کی اپیل شہر صدر راو ماسم شیٹے نے کی ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے اودگیر تعلقے میں کل گرج چمک کے ساتھ ہوئی غیر موسمی بارش میں کلورؤ کھیرڈا اور بامنی دیہاتوں میں بجلی گرنے سے چار مویشی ہلاک ہوگئے۔ہنگر گا میں پولٹری فارم کی چھت اُڑ جانے سے سینکڑوں مرغیاں ہلاک ہوگئیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ متعدد مقامات پر گوداموں کی چھتیں اُڑ جانے سے مکا کے تھیلے پانی میں بھیگ جانے سے بڑے پیمانے پرنقصان ہوا۔ بیڑ ضلع میں 5 تا 13 مئی کے دوران غیر موسمی بارش سے 18 ہیکٹر پر کھڑی فصلوں کونقصان پہنچا۔جبکہ بجلی گرنے سے تین افراد ہلاک ہوئے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے مطالبہ کیا ہے کہ غیر موسمی بارش کے باعث فصلوں کو ہوئے نقصان کے پنچنامے کر کے کسانوں کوفوری امداددی جائے۔کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے ایک روپئے میں فصلوں کے بیمے کی اسکیم کو دوبارہ لاگو کرنے اور نقلی بیج فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔انھوں نے بتایا کہ 21 مئی کو راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر ریاست کے تمام اضلاع میں ترنگا یاترائیں نکالی جائیں گی۔

***** ***** *****

لاتور تعلقہ کانگریس کمیٹی نے بھی غیر موسمی بارش کے نقصانات کا تخمینہ لگانے کیلئے فوری طور پر پنچنامے کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔اس ضمن میں کانگریس کمیٹی کے ایک نمائندہ وفد نے تحصیلدار کو ایک محضر بھی پیش کیا۔

***** ***** *****

کھیلو انڈیا یوتھ گیمز آج اختتام پذیر ہورہے ہیں۔ان مقابلوں میں 149 تمغے حاصل کر کے مہاراشٹر تمغوں کی فہرست میں پہلے مقام پر ہے۔ان میں 56 طلائی تمغے‘45 نقرئی اور 48 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔جبکہ 107 تمغوں کے ساتھ ہریانہ اور 55 تمغوں کے ساتھ راجستھان بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

پیٹھن کے جائیکواڑی آبی منصوبے کے دو دروازے کل شام کھولے گئے‘ اور 100 ملین مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی گوداوری ندی میں چھوڑا گیا۔انتظامیہ کی جانب سے ندی کے کناروں پر رہنے والوں کو خبردار رہنے کا اشارہ دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 42 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیئس برہم پوری میں ریکارڈ کیا گیا۔مراٹھواڑہ میں پربھنی میں 36‘ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 36 اعشاریہ آٹھ ڈگری اور بیڑ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔اسی دوران آج بیڑ، لاتور اور دھاراشیو میں بارش کی پیشگوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہشت پسندی کے خلاف مسلح افواج کے شجاعت کے مظاہرے کی صدرِ جمہوریہ کی جانب سے ستائش۔

☆ نکسل اِزم کے خاتمے کیلئے حکومت کی پیش رفت جاری: وزیرِ اعظم کا عندیہ۔

☆ آپریشن سندور کے بعد ملک بھر میں بی جے پی کی جانب سے ترنگا یاتراؤں کا انعقاد۔

☆ لاتور ضلع میں غیر موسمی بارش؛ چار مویشی ہلاک؛ نقصانات کا تخمینہ لگانے کیلئے پنچنامے کرنے کا کانگریس کا مطالبہ۔

اور۔۔۔☆ کھیلو انڈیا یوتھ گیمز آج اختتام پذیر؛ 149 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر سرِ فہرست۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****